زبان کا جامہ پہنایا ہے۔

کتاب میں حضرت الشیخ کے روزانہ معمولات اور افادات کا بھی ذکر ہے۔ شرعی مسائل بعض آیاتِ قرآنیہ کی تفسیر اور احادیث نبویہ کی توضیح حکایات وقصص کی شکل میں بیان کی گئی ہیں۔ اگرچہ بعض حکایات ومسائل اہل تحقیق کے ہاں غور طلب ہیں۔ لیکن من حیث المجموع کتاب سالکانِ جادۂ معرفت اور متلاشیان طمانیتِ روح کے لئے ازحد مفید ہے۔

تذکرۂ امیرِ تبلیغ مولانا محمد یوسف دہلویؒ | تالیف مفتی عزیز الرحمٰن صاحب بجنوری۔ قیمت ۲۴ روپے

ناشر۔ ذوالنورین اکادمی بھیرہ۔ ضلع سرگودہا

زیر تبصرہ کتاب داعی ابن داعی حضرت الشیخ مولانا محمد یوسف صاحب دہلوی کی سوانح حیات ہے حضرت جی رحمۃ اللہ علیہ دورِ حاضر کے عظیم اصلاحی تحریک تبلیغی جماعت کے بانی کے فرزند ارجمند تھے۔ وہ بیکر اخلاص وللہیت مجسمۂ زہد وتقویٰ۔ مومنانہ شان اور اسلاف قرون اولیٰ کا نمونہ تھے۔

مفتی عزیز الرحمٰن صاحب بجنوری حضرت شیخ الاسلام السید حسین احمد مدنی کے ارشد تلامذہ میں سے ہیں۔ آپ نے حضرت مولاناؒ کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا ہے۔ کتاب دس ابواب پر مشتمل ہے جن میں حضرت جی کی آخری تقریر بھی شامل ہے۔ اور سلوک وتصوف کے موضوع پر ان کے مختلف مکاتیب بھی ہیں۔ باب ہشتم اطراف عالم میں دعوتی طریق کار پر مشتمل ہے۔ اپنے موضوع پر زیر تبصرہ کتاب ایک بہتر کاوش ہے (م۔ا۔ف)

تعلیمات اسلام | از مولانا اشرف علی قریشی۔ ناشر۔ دار التصنیف، جامعہ اشرفیہ پشاور۔ صفحات ۲۶۴

قیمت ۲۵ روپے۔ خوبصورت جلد عمدہ طباعت۔

مولانا محمد اشرف علی قریشی مدیر ماہنامہ صدائے اسلام ومدرس جامعہ اشرفیہ، علامہ عبدالودود قریشی روڈ پشاور اپنے برادر بزرگ مولانا محمد یوسف قریشی صاحب کی سرپرستی میں للہی ودینی کاموں میں مشغول رہتے ہیں۔ ماہنامہ صدائے اسلام میں آپ کے اصلاحی اور دعوتی مضامین بھی شائع ہوتے ہیں۔ اور مختلف مقامات پر تقاریر کے سلسلہ میں گراں قدر خیالات کا اظہار کرتے ہیں۔

پیش نظر کتاب ان کے علمی، دینی اور اصلاحی گراں قدر مضامین کا مجموعہ ہے۔

سیرت وتاریخ۔ سیاست ومعاشرت۔ علم وعمل۔ تصوف وسلوک جیسے کئی موضوعات سے متعلق عام فہم قیمتی مضامین ومقالات کا یہ مجموعہ عامۃ المسلمین اور اہل ذوق کے لئے نہایت مفید ثابت ہوگا۔ اللہ تعالیٰ مولانا موصوف کو بیش از بیش علمی خدمات کی توفیق دے۔

(م۔ا۔ف)